حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

مبصر: صبیح ہمدانی

● **نام کتاب:** سیکڑوں دلائل　　**ترتیب:** الشیخ محمد بکیر الامین مصری　　**ترجمہ:** خانم حمیرا یاسمین صاحبہ

ضخامت: ۱۱۲صفحات　**قیمت:** درج نہیں　**ناشر:** مرکزِ تحقیق اسلامی جامعہ اسلامیہ ٹرسٹ، کاموکی ضلع گوجرانوالہ

دینِ اسلام کی تعلیمات کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے بندے اور برگزیدہ پیغمبر ہیں۔ جبکہ عیسائیت کی موجودہ تحریف شدہ شکل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا تعارف اس انداز میں کراتی ہے جیسے معاذ اللہ وہ اللہ کے بیٹے اور الوہیت کے منصب میں اُس کے شریک ہوں۔

زیرِ نظر کتاب میں اسی غلط عقیدے کے تارو پود کو اُدھیڑا گیا ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ اس سلسلے میں عیسائی مصادر کے بنیادی حوالوں سے بھی استدلال اور استشہاد کیا گیا ہے۔ یہ کتاب دراصل عربی زبان میں مصر کے ماہر قانون جناب محمد بکیر الامین نے ترتیب دی ہے۔ اردو میں اس کو ترجمہ کرنے کی ذمہ داری خانم محترمہ حمیرا یاسمین صاحبہ نے ادا کی ہے۔ کتاب سات ابواب پر مبنی ہے جن میں حضرت مسیح علیہ السلام کے اللہ کے بندے اور پیغمبر ہونے پر مختلف حوالوں سے دلائل یکجا کیے گئے ہیں۔ ابواب کی ترتیب کچھ یوں ہے: ’’انجیلوں سے دلائل، عقلی دلائل، تاریخی دلائل، مسیحی علمائے قدیم و جدید کے دلائل، کلیسیا کی مجالس کے فیصلوں سے دلائل، بت پرست ادیان سے دلائل‘‘ اور آخری باب ’’قرآنِ کریم سے ماخوذ دلائل‘‘ پر مشتمل ہے۔

کتاب کا ناشر ادارہ ’’مرکزِ تحقیقِ اسلامی، جامعہ اسلامیہ ٹرسٹ کاموکی‘‘ ہمارے محترم مہربان جناب مولانا عبد الرؤف فاروقی زیدَ مجدہ کی زیرِ نگرانی کام کرنے والا متحرک ادارہ ہے۔ جس کے پیشِ نظر خاص طور پر عیسائیت کی گمراہیوں کا تعاقب ہے۔ اللہ تعالیٰ دینِ متین کی نصرت میں اس ادارے کی خدمات کو قبول فرمائیں۔

● **نام کتاب:** خانقاہی نظام کا تعارف　　**تالیف:** پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی　　**ضخامت:** ۸۰صفحات

قیمت: ۳۰روپے　**رابطہ:** ادارہ اشاعت الخیر، بوہڑ گیٹ۔ ملتان فون: 0321-6355334

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی منصبی ذمّہ داریوں میں سے ایک ’’تزکیہ‘‘ بھی ارشاد فرمائی ہے۔ تزکیہ یعنی قلب و باطن کی طہارت وصفائی کے لیے اُمّت میں مروّج طریقۂ کار، صالحین واہل اللہ کی صحبت ہے۔ انبیا کی وراثت کے جلیل القدر منصب پر فائز اُمّت کسی بھی زمانے میں اس مبارک عمل سے غافل نہیں رہی۔